Rampur State Gazette.

بعہد ہمایوں اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

۱۲ مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۱۷ صفر ۱۳۵۵ھ مطابق ۹ مئی ۱۹۳۶ء جلد

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

۱	منظوری اضافہ عالیمرتبت مسٹر سید بشیر حسین صاحب زیدی (پولیٹکل منسٹر ریاست)	۲

آرڈران اسٹیٹ کونسل رامپور

	منظوری اضافہ در تنخواہ منشی مبین الحسن الہد	۳

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

حکم:- واقع یکم مئی ۱۹۳۶ء

بموجب رپورٹ حکم صادرہ ۸ رفروری ۱۹۳۶ء کے حسب ضابطہ اجرائے احکام کی اجازت دیجاتی ہے۔ کاغذ برائے کارروائی عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بغرض عرض — می رساند

جناب عالی

ترقی تنخواہ کی عرضداشت متعلق اضافہ تنخواہ دو سو پچاس روپیہ ماہوار عالیمرتبت صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر پر پیشگاہ ہمایوں سے ۸ رفروری ۱۹۳۶ء کو حکم ہوا تھا کہ "منظور ہے اس حکم کی اسوقت تک اشاعت نہ کیجائے۔ جبتک اضافہ بجٹ میں منظور نہ ہو جائے۔" ترقی تنخواہ عرض پرداز ہے کہ بجٹ میں رقم اضافہ منظور ہو گئی ہے۔ پیشگاہ ہمایوں سے حکم اجرائے احکام ضابطہ حکم صادرہ ۸ رفروری ۱۹۳۶ء شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد

عرضی

ترقی تنخواہ دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

معروضہ یکم مئی ۱۹۳۶ء

حکم:- واقع ۸ رفروری ۱۹۳۶ء

عرضداشت منسلکہ ملاحظہ ہوئی منظور ہے۔ عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کارروائی کریں۔ اس حکم کی اسوقت تک اشاعت نہ کیجائے جبتک اضافہ بجٹ میں منظور نہ ہو جائے۔ حکم مع عرضداشت عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بغرض عرض — می رساند

جناب عالی

عالیمرتبت مسٹر سید بشیر حسین زیدی صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر کی تنخواہ ایک ہزار دو سو روپیہ ماہوار ہے بلحاظ قابلیت و کام انکی موجودہ تنخواہ میں مبلغ دو سو پچاس روپیہ ماہانہ کا اضافہ آغاز سال حسابی سے منظور فرمایا جائے تو باعث پرورش و افزائی ہمت ہے۔ ترقی تنخواہ مستدعی ہے کہ اس بارہ میں حکم ہمایوں شرف نفاذ پائے تاکہ بجٹ سال آئندہ میں لحاظ رکھا جائے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد

عرضی

ترقی تنخواہ دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

معروضہ ۸ رفروری ۱۹۳۶ء

حسب منشاء حکم ہمایوں مشتہرہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ ۲ رمئی ۱۹۳۶ء دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

آرڈران اسٹیٹ کونسل رامپور

آرڈران اسٹیٹ کونسل:- مورخہ ۳۰ اپریل ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ غیر معمولی منعقدہ ۲۸ اپریل ۱۹۳۶ء
میں حکم عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر مورخہ ۲۳ اپریل ۱۹۳۶ء
بابت منظوری پانچ روپیہ ماہانہ اضافہ تنخواہ منشی معین الحسن
ایمداز بجٹ تنخواہ منشی محمود الحسن ڈپٹی متعلق محکمہ از بجٹ بجیبہ
مد شاہرات بجٹ پبلک انفارمیشن پیش ہو کر سے پاس ہوا۔
کونسل کو حکم مذکورہ بالا سے اتفاق ہے۔

حکم ہوا کہ

کاغذات ہذا بغرض ترتیب مسل سررشتہ صدر کو مرسل ہوں۔
ایک نقل برائے اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری بہادر کونسل